© rasailojaraid.com



ہی نہیں بلکہ راندۂ درگاہ ہوتے ہیں جن کے تمام الہامات افترا ہوتے ہیں "بعض" کا کیا مطلب ہے۔

(باقی دارد)

# گلدستۂ اخبار

**آل انڈیا کشمیر کمیٹی** کا ایک جلسہ ۱۳/۱۲ ستمبر کو سیالکوٹ میں ہوا جس میں مرزا محمود احمد خلیفہ قادیان نے بھی شرکت کی۔

**عام تقریر** کرنے سے پہلے ہی ان پر پتھروں کی بارش ہوئی جن سے آپ اور آپ کے ساتھی زخمی ہوئے۔ (اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً)

**قادیان** کے ناظر اعلیٰ فتح محمد سیال اور محمد امین پٹھان میں جنگ ہوئی۔ ایک دوسرے کو کافی زخم آئے۔ دو تین دن بعد محمد امین ہسپتال ہی میں مرگیا۔ معاملہ زیر تفتیش پولیس ہے۔

**قادیان** سے اعلان ہوا ہے کہ سیرتی جلسے ۸۔ نومبر کو کئے جائیں جو گذشتہ چند سالوں سے شروع ہوئے ہیں۔

**مغلپورہ کالج** پر پکٹنگ کے سلسلہ میں بہت سے رضا کار اور علماء کرام گرفتار کر لئے گئے تھے۔ مگر پرنسپل نے بہت الحاح وزاری سے معافی مانگی جس پر معاملہ رفع دفع ہو گیا اور تمام طلباء کالج میں داخل ہو گئے۔ چونکہ تصفیہ باقاعدہ ہو گیا ہے اس لئے گرفتار شدہ والنٹیر بھی رہا ہو گئے۔

**کشمیر میں** پھر فساد ہو گیا ہے۔

**۲۲/۲۳ ستمبر** کو تمام ہندوستان میں امپیریل بنک بند رہے ہے۔

**اس دفعہ** ہندوستان کی مردم شماری کی مجموعی تعداد ۳۵ کروڑ ۲۹ لاکھ ۸۶ ہزار ۸ سو ۷۶ ہوئی ہے۔ سابقہ سے دس فیصدی اضافہ ہوا ہے۔

© rasailojaraid.com